# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729 E.mail: mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**


## پریس ریلیز

**<u>وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت لاہور میں کپاس کے جدید پیداواری ٹیکنالوجی اور کیڑوں کے مربوط طریقہ انسداد کے لئے اجلاس کا انعقاد</u>**

**<u>کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے مختلف فصلات کا آئی پی ایم مینول وٹریننگ پروگرام ترتیب دیئے جائیں۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی</u>**

**22 ستمبر 2021:** کاشتکاروں کے لئے کپاس سمیت دیگر اہم فصلوں کے ضرررساں کیڑوں کے کنٹرول کیلئے آئی پی ایم مینول اور تربیتی پروگرام ترتیب دیئے جائیں تاکہ کیڑوں کے حیاتیاتی کنٹرول کے طریقہ کار پر عمل پیرا ہوکر ضرررساں کیڑوں کو معاشی حد تک کنٹرول کیا جاسکے۔آئی پی ایم پروگرام پر عملدرآمد سے نہ صرف کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی آئے گی بلکہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کے علاوہ عوام کو زہروں سے پاک غذا کی فراہمی یقینی بنانے میں مدد ملے گی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ کپاس کے جدید ازبکستان ٹیکنالوجی ماڈل اور کیڑوں کے مربوط طریقہ انسداد کے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سنیئر سائنسدان ڈاکٹر الطاف حسین اور ڈاکٹر دلبر حسین نے صوبائی وزیرزراعت کو ازبکستان کے کامیاب کاٹن بریڈنگ اوراس پر حملہ آور کیڑوں کو آئی پی ایم پروگرام کے تحت کنٹرول کرنے سے متعلق بریفنگ دی۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فصلوں پر حملہ ہونے والے ضرررساں کیڑوں کو معاشی حد تک کنٹرول کرنے کے لئے ایک قومی پروگرام شروع کیا جائے گا۔اس سلسلے میں وزیرزراعت نے اجلاس میں شریک ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی کو کیڑوں کے مربوط طریقہ انسداد پر ایک پراجیکٹ بنا کر پیش کرنے کی ہدایت کی جس میں اہم فصلات کے ضرررساں کیڑے، پھل کی مکھی اوردھان کی باقیات کے تدارک بارے خصوصی سفارشات ہوں۔ اجلاس کے اختتام پر وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے زرعی ادویات کی ٹیسٹنگ کے لئے موجودہ لیبارٹریوں کی اپ گریڈیشن کے بارے ریسرچ وڈویلپمنٹ پر مبنی رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (ریسرچ) ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) ڈاکٹر محمد اسلم، چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود، سنیئر زرعی سائنسدان ڈاکٹر الطاف اور ڈاکٹر دلبر حسین نے شرکت کی

☆☆☆☆